ستمبر 2022، جلد 1

## بوتھ لیول افسر

# ای - پتریکا



## راجیو کمار،
### بھارتی اعلیٰ انتخابی کمشنر کی طرف سے پیغام



مجھے بھارتی انتخابی کمیشن کی اشاعت ”بی ایل او، 'اِی۔ پتریکا' کے نئے اقدام کو متعارف کرنے میں بے حد خوشی ہو رہی ہے۔ یہ تمام بنیادی کارکنان کا ایک بااختیار اور جامع جمہوریت کو تعبیر کرنے میں ان کے پُرجوش خدمات کے لئے ایک قصیدہ ہے۔ اِی۔ پتریکا کا مقصد، ہمارے بوتھ لیول افسران کی طرف سے انتخابی فہرست میں اضافہ کرنے اور رائے دہندگان میں بیداری پھیلانے کی مسلسل کوششوں کو تسلیم کرنا اور ان کو سراہنا ہے۔

بھارتی انتخابی عمل ایک عظیم الشان کام ہے جس پر پوری دنیا کی نظریں لگی رہتی ہیں۔ جبکہ عام طور پر زیادہ تر توجہ انتخاب کے دن پر مرکوز ہوتی ہے تاہم، ہم اپنے اہل شہریوں کو پولنگ بوتھوں پر آنے پر راغب کرنے کے لئے گھر گھر تک پہنچنے کا تھکا دینے والے کام کا شاذونادر ہی اعتراف کرتے ہیں۔ یہ ایک دن کا کام نہیں ہے اور نہ ہی ایک آدمی کا کام ہے۔ یہ ایک وقف شدہ اور مستعد ٹیم کا کام ہے جو اسے ممکن بناتی ہے۔ بی ایل او، پتریکا میں آپ کو اس کی جھلک دکھائی دے گی کہ بھارتی انتخابات کے بیج بونے کے لئے ٹیم کی تربیت اصل میں کس طرح کی جاتی ہے اور کس طرح تیار کیا جاتا ہے۔ یہ بنیادی طور پر بوتھ لیول افسران کے مجموعی کام کی عکاسی کرتی ہے۔

بوتھ لیول افسران کی اہم ذمہ داری، رائے دہندگان کا اندراج کرانے، انتخابی فہرست کو اپ ڈیٹ کرنے کے لئے گھر گھر سروے کرنا اور انتخاب کے دن پر سہولت بہم پہنچانا ہے۔ یہ اِی۔ پتریکا، بوتھ لیول افسران کو ملک بھر میں رائے دہندگان کی آگاہی کے لئے پروگراموں کی باریکیوں سے روشناس کرائے گی اور انکو جدید دور کی ٹیکنالوجیوں اور کم سے کم SVEEP سرگرمیوں سے آراستہ کرائے گی۔

بی ایل او پتریکا زمینی حقائق کو کہانی کے روپ میں سامنے لانے کی کوشش ہے۔ پتریکا کے واقعات بیان کرنے کے فارمیٹ سے اسکے قارئین کو یقینی طور پر فائدہ ہوگا۔

میں پوری ٹیم کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس پتریکا کو بہت عمدہ طریقے سے منظر عام پر لانے میں انتھک محنت کی ہے۔ میں نہایت عاجزی سے اس پتریکا کو بنیادی کارکنان کے لئے پیش کرتا ہوں جنہوں نے بھارتی انتخابی کمیشن کو مضبوطی سے تھام رکھا ہے۔

(راجیو کمار)

## انوپ چندر پانڈے،
### بھارتی انتخابی کمشنر کی طرف سے پیغام



منظم کام کی اہمیت کا اندازہ بھارتی انتخابات کے عظیم کام کو سرانجام دینے سے لگایا جاسکتا ہے۔ اس کی کامیاب عمل آوری کے لئے ہر ایک تعلق دار مضبوطی سے کھڑا رہتا ہے اور ناقابل تسخیر ارادے کا مظاہرہ کرتا ہے جس سے بھارتی انتخابی کمیشن ان انتخابات کو آزادانہ، شفافانہ، شمولیاتی اور قابل رسائی طریقہ سے کووڈ کے مشکل ترین دور میں بھی سرانجام دینے میں کامیاب رہا۔

یہ بے مثال ٹیم انتخابات کو تہوار کی شکل دیتی ہے جو ملک بھر میں منایا جاتا ہے۔ بی ایل او، پتریکا اس منظم کام کو اجاگر کرتی ہے اور بی ایل او کے ساتھ پیش آئے واقعات کی تفاصیل پیش کرتی ہے تاکہ اس کوشش سے بی ایل او کے ساتھ ایک رشتہ قائم ہو سکے جو بھارتی انتخابی کمیشن اور رائے دہندگان کے درمیان ایک پُل کے مانند ہے۔

بوتھ لیول افسر رائے دہندہ گان کے لئے ایک دوست، فلسفی اور رہنما کے طور پر کام کرتا ہے اور ان کو انتخابی عمل میں شرکت کرنے کے لئے سہولت فراہم کرتا ہے۔ بی ایل او اِی پتریکا نہ صرف بی ایل او کے ذریعے کئے گئے کاموں کی تفاصیل دیتا ہے بلکہ عملی تجربوں کو بھی سامنے لاتا ہے۔

مجھے بی ایل او اِی پتریکا جو ہر بوتھ لیول افسر کے لئے وقف ہے، کو پیش کرنے میں بے حد خوشی محسوس ہو رہی ہے، جس نے اس بات کو یقینی بنانے کے لئے مسلسل کام کیا ہے کہ ہماری جمہوریت کے سب سے بڑے تہوار کو سچے جذبے کے ساتھ منایا جائے۔

(انوپ چندر پانڈے)

## ایڈیٹوریل کمیٹی:

این این بٹولیا

سینئر پرنسپل سیکریٹری (انتخابی فہرست)

اشوک کمار

ڈائریکٹر (آئی ٹی)

کلدیپ کمار سہراوت

ڈائریکٹر (ٹریننگ) آئی آئی آئی ڈی ای ایم

ایس سندر راجن

ڈائریکٹر (ای وی ایم)

دیپالی ماسرکر

ڈائریکٹر (انتخابی منصوبہ بندی)

سنتوش اجمیرا

ڈائریکٹر (SVEEP) رکن کنوینر

## ایڈیٹوریل ٹیم:

آر کے سنگھ

رابطہ کار (SVEEP)

انوج چنڈک

جوائنٹ ڈائریکٹر (SVEEP)

نوپور پراوین

مواصلاتی مشیر

ایشا خان

گرافک ڈیزائنر


Voter Turnout App | PwD App | Voter Helpline App | cVIGIL App | Know Your Candidate App | Garuda App

NO VOTER TO BE LEFT BEHIND

# بوتھ لیول افسر کے متعلق اہم معلومات







- 2006 میں، انتخابی کمیشن نے انتخابی فہرستوں میں باقاعدگی کو یقینی بنانے کی خاطر ہر پولنگ اسٹیشن کے لئے بوتھ لیول افسر کو مقرر کرنے کا تصور متعارف کیا۔
- عوامی نمائندگی ایکٹ،1950 کی دفعہ 13 (ب) کے تحت بوتھ لیول افسران کو سرکاری، نیم سرکاری اور مقامی جماعتوں کے عہدہ داراں میں سے مقرر کیا جاتا ہے۔
- بی ایل او دراصل بنیادی سطح پر بھارت کے انتخابی کمیشن کا نمائندہ ہے۔وہ، مرد/عورت کی اصلی معلومات کو اکٹھا کرنے، شہریوں سے رجسٹریشن فارموں کو جمع کرنے اور ان کو تفویض کئے گئے پولنگ علاقے کی مطابقت میں انتخابی فہرستوں کی نظر ثانی کرنے کے عمل میں مرکزی کردار ادا کرتا ہے۔
- وہ مرد/عورت کے انتخابی فہرست سے وابستہ امور میں مقامی لوگوں کے لئے ایک دوست، فلسفی اور رہنما کی حیثیت رکھتا ہے۔
- انتخابی رجسٹریشن افسر کی مجموعی نگرانی میں بی ایل او، معلومات اکٹھا کرنے، فیلڈ جانچ کرنے اور اہل رائے دہندہ گان، متوفی رائے دہندہ گان اور ان رائے دہند گان جو موجودہ مقام پر رہائش پذیر نہیں ہیں، کی پہچان کرنے کے لئے ذمہ دار ہے۔

## بی ایل او کا سنگ میل: 100 فیصدی ای پی آئی سی -آدھار لنکیج

مختلف اضلاع سے بوتھ لیول افسران نے اِی پی آئی سی۔ادھار لنکیج کا کام 100 فیصدی مکمل کردیا۔

دو ایسی مثالیں یوں ہیں؛



ریاست : ناگالینڈ
ضلع: پیرن
نام: ہائیرولیا بے
عہدہ: پرائمری استاد
اسکول: جی پی ایس ہیونامبے
پولنگ اسٹیشن: 7/58 گورنمنٹ پرائمری اسکول



ریاست : کرناٹکا
ضلع: کلوپ
نام: اِراما
عہدہ: پرائمری استانی
پولنگ اسٹیشن: 194-گورنمنٹ پرائمری اسکول

# کام پر لگے بی ایل اوز: ز مي. سطح کے چیدہ چیدہ امور










### رائے دہندہ کی رجسٹریشن کے لئے چار نئی تصحیح شدہ تاریخیں

پہلے پہلے، رائے دہندگاں کا اندراج 1 جنوری پر یا اُس سے قبل اُن کی 18 سال کے عمر کو پہنچنے پر ہوتا تھا، جو کہ ایک سال میں ایک ہی موزوں تاریخ ہوتی تھی۔ اب، عوامی نمائندگی ایکٹ کی دفعہ 14 (ب) کی ترمیم کی وجہ سے اندراج کے لئے ایک سال میں چار مواقع فراہم ہونگیں۔

یہ چار تصحیح شدہ تاریخیں، 1 جنوری، 1 اپریل، 1 جولائی، 1 اکتوبر ہے۔

| | |
|---|---|
| نئے رائے دہندہ کی رجسٹریشن | فارم-6 |
| نام کے مجوزہ اندراج / حذف پر اعتراض | فارم-7 |
| رہائش کی منتقلی / موجودہ انتخابی فہرست میں اندراج کی درستی / ای پی آئی سی کی منتقلی / پی ڈبلیو ڈی کی نشاندہی | فارم-8 |

### نظرثانی سے قبل کی سرگرمیاں

- بی ایل او کی رجسٹر کو اپ ڈیٹ کرنا
- رائے دہندگان کا گھر گھر سروے کرنا
- پولنگ اسٹیشنوں پر تصویر کشی اور رابطہ کاری کرنا
- پولنگ اسٹیشنوں پر اے ایم ایف کے بارے میں معلومات حاصل کرنا
- دہرائے ہوئے ای پی آئی سی کو ہٹا دینا
- آبادیاتی لحاظ سے یکساں اندراجات کو ہٹا دینا
- متوفی رائے دہندگان کو موقوف کرنا
- منطقی غلطیوں کو دُور کرنا

### نظرثانی کی سرگرمیاں

- فارم 6، 7، 8 وغیرہ پُر کرنا
- گھر گھر جا کر سروے کرنا
- انتخابی فہرست ڈبلیو۔ آر۔ ٹی، جنسی تناسب، ای پی تناسب، نوجوانوں کے اندراج وغیرہ میں تفاوت کے پیمانوں کی جانچ پڑتال کرنا
- پی ڈبلیو ڈی رائے دہندگان کو نشان زد کرنا جیسا کہ کمیشن نے متعارف کیا ہے
- سیاسی جماعتوں کا بی ایل او کے ساتھ رابطہ کرنا

### رائے دہی سے قبل کی سرگرمیاں

- بی اے ل اوز کی طرف سے رائے دہندگاں کو ووٹر معلوماتی پرچی تقسیم کرنا
- غیر حاضر / منتقل شدہ / متوفی (اے ایس ڈی) رائے دہندگان کے فہرست تیار کرنا
- ووٹر گائیڈ تقسیم کرنا
- بزرگ شہریوں، پی ڈبلیو ڈی اور کوویڈ مریضوں کے لئے خالی فارم 12 ڈی تقسیم کرنا اور پُر کئے گئے فارم 12 ڈی کو وصول کرنا

### رائے دہی کے دن کی سرگرمیاں

- ہیلپ ڈیسک / رائے دہندہ کے لئے تعاون بوتھ
- پولنگ کے طریق کار کا جائزہ

# سمارٹ بی ایل او

## رائے دہندگاں کو مندرجہ ذیل ای سی آئی ٹی ایپس کی سہولیات فراہم کرتا ہے

### قومی رائے دہندگاں خدمات پورٹل

این وی ایس پی (https/WWW.nvsp.in) شہریوں کے لئے انتخابی خدمات حاصل کرنے کا ایک پورٹل ہے۔ صارفین اس کا فائدہ اُٹھا کر بہت سی خدمات تک رسائی حاصل کر سکتے ہے جیسے کہ ووٹر آئی ڈی کارڈ کے لئے درخواست دینا،ووٹر کارڈ میں درستی کرنا،ای فہرست میں نام تلاش کرنا،پولنگ بوتھ کی تفصیلات دیکھنا،اسمبلی حلقہ اور پارلیمانی حلقہ ،اور دیگر خدمات کے علاوہ بوتھ لیول افسر ،انتخابی رجسٹریشن افسر کے رابطہ سے متعلق تفصیلات حاصل کرنا۔

### رائے دہندہ ہیلپ لائن ایپ (وی ایچ اے)

شہری، مختلف خدمات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں، جیسے کہ ووٹر شناختی کارڈ کے لئے درخواست دینا، آن لائن ووٹر کارڈ کی درستی کے لئے درخواست دینا، پولنگ بوتھ کی تفصیلات دیکھنا، اسمبلی حلقہ اور پارلیمانی حلقہ ،اور دیگر خدمات کے علاوہ بوتھ لیول افسر ،انتخابی رجسٹریشن افسر کے رابطہ سے متعلق تفصیلات حاصل کرنا۔ یہ ایپلیکیشن گوگل پلے اور ایپل اسٹور پر دستیاب ہے

### رائے دہندہ پورٹل

فارم جمع کرانے کے عمل کو آسان بنانے کے لئے 'ووٹر پورٹل' (http:// voterportal.eci.gov.in/) رجسٹریشن ،اندراجات میں تبدیلی، حذف، پتہ کی تبدیلی وغیرہ کے لئے فریب سے پاک انٹرفیس فراہم کرتا ہے۔ پورٹل میں لاگ ان کرنے پر شہری کو انٹرایکٹیو انٹرفیس کے ساتھ اس کے پچھلے انتخاب کی بنیاد پر تجویز پیش کی جاتی ہے۔

### پی ڈبلیو ڈی ایپ

پی ڈبلیو ڈی ایپ معذور اشخاص کے لئے بنائی گئی ہے۔ پی ڈبلیو ڈی رائے دہندہ خود کو پی ڈبلیو ڈی نشان زد کرنے کے لئے درخواست دے سکتا ہے۔ نئی رجسٹریشن کے لئے درخواست دے سکتا ہے، ہجرت کے لئے درخواست دے سکتا ہے، ای پی آئی سی کی تفصیلات میں درستی کے لئے درخواست دے سکتا ہے، پہیے دار کرسی وغیرہ کے لئے درخواست دے سکتا ہے۔ یہ جزوی اندھے پن اور بصارتی معذوری والے رائے دہندہ گاں کے لئے موبائل فون کے قابل رسائی خصوصیات کو استعمال میں لاتی ہے۔ یہ ایپلیکیشن گوگل پلے اسٹور اور ایپل اسٹور پر دستیاب ہے

## گاروڈا ایپ

### سمارٹ بی ایل او فارم اور دیگر معلومات کی تسخیر کرنے اور پیش کرنے کے لئے گاروڈا ایپ کا استعمال کرتا ہے






گاروڈا پورے بھارت میں 9 اگست، 2021 کو شروع کیا گیا تھا۔ کمیشن کی آئی ٹی ٹیم کے ذریعے اندرونی طور پر تیار کیا گیا۔ یہ بی ایل او کے ڈیجیٹل طور پر کام کرنے کے لئے ایک وقف شدہ موبائل ایپ ہے۔

گاروڈا ایپ کی اہم کارکردگیاں۔

- فارموں کی چیک لسٹ / فیلڈ جانچ
- اے ایم ایف (کم از کم اطمنان بخش سہولت) کے بارے میں معلومات حاصل کرنا اور ای ایم ایف (توسیع تر کم از کم سہولت)
- پولنگ اسٹیشنوں کو مربوط بنانے والے جی آئی ایس کا استعمال کرنا
- پولنگ اسٹیشنوں کی تصاویر کو اپ ڈیٹ کرنا
- فارم پیش کرنا
- غیر حاضر، منتقل شدہ، متوفی (اے ایس ڈی) رائے دہندگاں کی نشاندہی کرنا

# بنیادی سطح کی کہانیاں

## رکاوٹوں کو ہٹادینا

فلاحی اہداف اور انتخابی حکمت عملی کے میل جول سے بی ایل اوز کیسے زیادہ سے زیادہ شہریوں کو ووٹ ڈالنے کے لئے اندراج کرتے ہیں۔



سکرو ماجھی

77-اے سی لانجی گڑھ گاوں اوڈیشہ

پدرسری نظام کی موجودگی بعض اوقات خواتین کو عوامی حلقوں سے الگ تھلگ کرسکتی ہے۔ یہ کہانی کالاہندی کے تحصیل لانجی گڑھ، ضلع اوڈیشہ کے قصبے کی ہے۔ جہاں مقامی قبائل کا غلبہ ہے۔

وہاں 2020 میں خواتین رائے دہندگان کی رجسٹریشن قومی اوسط سے کم تھی، دیکھا گیا کہ ناخواندگی، گھریلو طاقت کی حرکات اور عموماً بے خبری کی وجہ سے خواتین انتخابی عمل میں شرکت سے باز ہتی تھیں۔

بوتھ نمبر 270 کے سکرو ماجھی جیسے بی ایل اوز کی مسلسل کوششوں کی وجہ سے سال 2022 میں اُس خاص بوتھ میں خواتین ووٹر کی رجسٹریشن میں 17 فیصدی سے 67 فیصدی تک کی شرح کا اضافہ ہوا۔

بی ایل او، اے ڈبلیو ڈبلیو، اے ایس ایچ اے پر مشتمل ایک ٹیم گھر گھر جاکر رجسٹریشن کے بارے میں آگاہی پھیلاتے تھے۔

گارو ڈا ایپ اور ہیلپ لائن کا استعمال کرکے بی ایل او نے آن لائن رجسٹریشن کی سہولت فراہم کی۔



مائننگ استار ساوکمی

30-میر ابگ گاوں میگھالیہ

بوتھ لیول آفسر، مائننگ استار ساوکمی 30 میرانگ گاوں میگھالیہ کی متاثرکن اور دل کو چھولینے والی کہانی ۔ موسمائی گاوں کے 52 سالہ گورنمنٹ پرائمری اسکول ٹیچر کو تفویض شدہ فرائض انجام دیتے ہوئے شہریوں کو انتخابات کی اہمیت کے بارے میں باخبر کرنے کے لئے عوام سے کھلی دشمنی کا سامنا کرنا پڑا۔

مشکلات کے باوجود اس نے گھنٹوں جنگلوں اور کچی سڑکوں پر سفر کیا اور اپنے مقررہ پولنگ اسٹیشن پر پہنچنے کے لئے اکثر خود کو سورج کی شدید گرمی سے بچنے کے لئے درختوں کے نیچے پناہ لینی پڑی ۔ وہاں کے باشندگاں اِس کو اس حد تک نفرت کرنے لگے کہ اندراج اور ای پی آئی سی کی درستی کے لئے گھر گھر جاتے وقت اس کو گالیاں دینے لگے۔ اس طرح کے استقبال کے باوجود بھی وہ اپنے فرائض پر قائم رہا اور انتہائی خلوص کے ساتھ گاوں میں انتخابی مشق کا انعقاد کروایا۔ گاوں کے انداجات کا اعداد و شمار کم تر تھا لیکن بی ایل او سب کا اندراج کروانے کے لئے راضی کرتا رہا اور ای پی آئی سی کے ضرورت مندوں کی مدد کرتا رہا۔ آخر کار اس کی استقامت رنگ لائی، بہت سے گاوں والے جو اس کے خلاف تھے، کو ای پی آئی سی کی افادیت اور اہمیت کا اندازہ ہوا اور اپنا اندراج کروادیا۔ اس سے بی ایل او کو ہمت ملی اور گاوں میں سو فیصدی اندراج کرنے کے لئے آگے بڑھا۔








# باتوں باتوں میں

بوتھ لیول افسر (بی ایل او) کے ساتھ تبادلہ خیال۔

## سدھارتھ شنکے

30 فتوردا اسمبلی حلقہ انتخاب گوا

جناب، میں سدھارتھ شنکے ہوں، گوا میں اسمبلی حلقہ انتخاب فتوردا 30 کے حصہ نمبر 23 کا بوتھ لیول افسر (بی ایل او)۔ میرا پولنگ بوتھ سینٹ اینز اسکول، مشرقی ونگ، اگلائی میں ہے۔ بوتھ لیول افسر (بی ایل او) کی حیثیت سے میرا پہلا کام انتخابی فہرست کی پڑتال کرنا تھا۔ ایک مقامی باشندہ ہونے کے ناطے مختلف جگہوں پر جانا میرے لئے آسان تھا۔ میں نے گھر گھر جانا شروع کیا اور نام اور پتہ کو درست کیا / حذف کیا اور فہرست رائے دہندہ میں نئے ناموں کا اندراج کیا۔ مجھے ہمیشہ رائے دہندہ کی جانب سے گرم جوشی سے استقبال کیا گیا اور میں نے ان کو مکمل تعاون پیش کرنے کی کوشش کی۔


ایک دن میں ایک بزرگ شہری سے ملنے گیا جس نے مجھے بتایا کہ ووٹ ڈالنے کے لئے 1.4 کلو میٹر سے زیادہ کا سفر کرنا اس کے لئے مشکل تھا۔ اس نے التجا کی کہ کیا ان کے گھر کے قریب پولنگ اسٹیشن قائم کیا جا سکتا ہے۔ میں نے یہ تجویز ہمارے الیکٹورل رجسٹریشن افسر کے سامنے پیش کی۔ یہ التجا منظور کر لی گئی، اور پولنگ اسٹیشن کو موجودہ مقام، سینٹ اینز اسکول، مشرقی ونگ، اگلائی میں منتقل کر دیا گیا۔ اس کے بعد میں نے اپنے علاقہ کے تمام رائے دہندگان کو نئے پولنگ بوتھ کے پتہ کے بارے میں واٹس ایپ پیغامات بھیجے۔ پولنگ بوتھ کے نئے مقام پر منتقل ہونے کے بعد لوگ اپنا ووٹ ڈالنے کے قابل ہو گئے۔ اچھی خبر یہ ہے کہ رائے دہی کا تناسب بھی ٪ 70 فیصد سے بڑھ کر ٪80 فیصد ہو گیا۔

میرے تفویض شدہ علاقہ کے سبھی رائے دہندگان مجھے اچھی طرح سے جانتے ہیں۔ جب بھی انہیں ای پی آئی سی ( EPIC) کارڈ سے متعلق کسی مدد کی ضرورت ہوتی ہے تو وہ مجھے پیغام بھیجتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ ذاتی طور بھی پر مجھ سے ملتے ہیں۔ میرے حلقہ انتخاب کے شہری جانتے ہیں کہ میں قومی رائے دہندگان خدمت پورٹل این وی ایس پی (NVSP) کی ویب سائٹ (www.nvsp.in/ voterhelpline) یا Garuda ایپ کے ذریعے بھی ان کی مدد کر سکتا ہوں۔



भारत निर्वाचन आयोग

بھارتی انتخابی کمیشن



# آدھار - ای پی آئی سی(EPIC) لنکیج

## بااعتماد اور مکمل فہرست رائے دہندگان کی جانب ایک اور قدم

**نیا فارم 6ب کو پُر کرکے آدھار کو ای پی آئی سی (EPIC) کے ساتھ لنک کریں**

آدھار–ای پی آئی سی (EPIC) لنکیج، اختیاری ہے

